Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۳	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۹ مارچ ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ	نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت نائب منصرم فیل خانہ	۱	۱۱	پابندی نگاسی فہرست	۴
۲	انتقال اسامی محمد حسنین خان متوفی	؍؍	۱۲	تنقیحات منشی مظہر علی [illegible]	؍؍
۳	اضافہ منشی [illegible] کمال	؍؍	۱۳	مستقلی محمد [illegible] خان	؍؍
۴	اضافہ منشی مظہر انور صاحب	؍؍	۱۴	اضافہ [illegible]	؍؍
۵	رخصت سید مظہر حسین	؍؍	۱۵	رخصت ذاکر [illegible]	؍؍
۶	اضافہ تنخواہ کتب خانہ	۳	۱۶	اضافہ [illegible]	؍؍
۷	اضافہ سید ابن علی صاحب	؍؍	۱۷	تقرر [illegible] اجلاس	؍؍
۸	رخصت تحصیلدار صاحب	؍؍			
۹	اضافہ رسالدار صاحب صدر	؍؍			
۱۰	تقرر برج لال	؍؍			

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۰ مارچ ۱۹۲۶ء

مثل عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید دس یوم عبد العلیخان نائب منصرم فیلخانہ بوجہ علالت من ابتدا ۲۰ فروری ۱۹۲۶ء لغایت ۲ مارچ ۱۹۲۶ء

حکم

رخصت دس یوم منظور ہے۔ کاغذات واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۹؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ کاغذات دربارہ انتظام اسامی احمد حسین خان متوفی منصرم دوم باورچیخانہ ہندوستانی مشاہرہ دار عہ

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ احمد حسین منصرم دوم باورچیخانہ ہندوستانی کی جگہ پر اسمعیل خان تحویلدار مشاہرہ دار عہ روپیہ ماہوار کا تقرر باضافہ پانچ روپیہ ماہوار منظور ہے۔ لیکن اسمعیل خان کی جگہ تحویلداری پر نئے شخص کا تقرر منظور نہین ہوا اسکے متعلق جداگانہ رپورٹ آنا چاہئے۔ محمد یونس خان معاون تحویلدار کی موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہون۔ ۱۳؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۱؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری پانچ روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ موجودہ مشتاق علی خان منشی گھوڑا گھال وعطائے لقب منصرم گھوڑا گھال از یکم مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

بموجب رپورٹ مشتاق علی خان کی موجودہ تنخواہ مین پانچ روپیہ اضافہ از یکم مارچ سنہ ۱۹۲۶ء اور آیندہ منصرم کے لقب سے موسوم کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ

جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مشعر اسکے کہ صاحب تحصیل آفیسر شاہ آباد نے منشی مظہر قیوم نائب تحصیلدار شاہ آباد کے دس روپیہ اضافہ تنخواہ کی بوجہ عیالداری و مستعدی کام رپورٹ کی ہے۔

حکم

منشی مظہر قیوم نائب تحصیلدار کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۶؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ سید ظہیر حسین انسپکٹر نورشی خانہ جات بوجہ علالت بوضع تنخواہ بسلسلہ رخصت سابقہ من ابتداء ۲؍ مارچ لغایت ۹؍ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

بموجب رپورٹ رخصت ایک ماہ بوضع تنخواہ بسلسلہ رخصت سابقہ ۲؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸؍ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار رشید احمد تحویلدار کتب خانہ بوجہ محنت و مستعدی

حکم

حسب استدعائے صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر رشید احمد تحویلدار کتب خانہ کی موجودہ تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ استاد محمد وزیر خانصاحب در بارہ اضافہ تنخواہ سید امن علی تنخواہ دار مدرسہ مصاحبان۔

حکم

سید امن علی ملازم مدرسہ مصاحبین کی موجودہ تنخواہ میں پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ بموجب احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثل یادداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت تحصیلدار صاحب ٹانڈہ

تحصیلدار ٹانڈہ کی رخصت ایک ماہ رعایتی منظور ہے۔ لفٹنٹ منظر علی خان ایڈی سی بہ تنخواہ ایک سو پچیس روپیہ ماہوار قائم مقام تحصیلدار ٹانڈہ مقرر کئے جائیں۔ رخصت تحصیلدار ٹانڈہ تاریخ چارج سے شمار ہوگی۔ بموجب ارشاد اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

بحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

معروضہ — فیض رسانہ

جناب عالی

درخواست منشی بشیر احمد تحصیلدار ٹانڈہ باستدعائے عطائے رخصت یکماہ رعایتی موصول ہوئی ہے جو بغرض صدور حکم منظوری ارسال حضور ہے۔ اور چونکہ آجکل تحصیل وصول کا وقت ہے۔ لہذا لفٹنٹ منظر علی خان صاحب ایڈی سی کو بہ تنخواہ ایک سو پچیس روپیہ ماہوار قائم مقام تحصیلدار ٹانڈہ مقرر فرمایا جائے تو مناسب ہے، تاکہ کام سرکاری میں حرج واقع نہ ہو۔ والادب۔ مکرر عرض کہ رخصت یکماہ تحصیلدار ٹانڈہ تاریخ دہی چارج سے شمار ہوگی۔

[illegible]

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں۔

لفٹنٹ منظر علی خانصاحب کو اطلاع دیجائے کہ فوراً تحصیل ٹانڈہ جاکر چارج لیلیں

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء — دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر در بارہ منظوری یکروپیہ اضافہ تنخواہ محمد سعید خان رسالدار صدر از یکم مارچ سنہ ۱۹۲۶ء جسکی منظوری ۵ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء اجلاس ہمایون سے ہوگئی تھی لیکن اسکا اجرا نہیں کیا گیا تھا۔ و توسیع یکسالہ دیگر در ملازمت موصی الیہ۔

بترمیم حکم ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء رسالدار صدر کی موجودہ تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ یکم مارچ سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم احکام جاری ہوں۔ اور یکم مارچ سنہ ۱۹۲۶ء سے ایک سال کی توسیع ملازمت رسالدار صدر میں مزید منظور ہے۔ اس بابت بھی احکام جاری کئے جائیں۔ ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بابت اطلاع فوتگی منشی انگن لال پیشکار پرائیوٹ آفس شاہرہ دار سے تاریخ ۸ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء و تقرر بجائے متوفی پیشکار سے برجباشی لال پسر متوفی بشاہرہ سے بلحاظ حقوق پیشکار متوفی۔

حکم

حسب استدعاء صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر برجباشی لال کا تقرر بشاہرہ تیس روپیہ ماہوار بجائے منشی انگن لال پیشکار منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

بحکم ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۰۹ء احکام جاری ہو چکے ہین کہ جو کاغذ ابتدائی اجلاس سے جائیگا - اسپر اہلمد اجلاس فرست لگائیگا - اور جو کاغذات اجلاس ہمایون سے بلا فرست آئین انپر فرست لگانا اہلمدان صدر کا کام ہے اور ایسے کاغذات پر صدر ہی سے فرست لگائی جایا کرے - رپورٹ اہلمدان اجلاس معروضہ ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء سے ظاہر ہوا کہ صیغہ جات ماتحت و مفصلات سے جو کاغذات اجلاس مین موصول ہوتے ہین وہ اکثر بلا اندراج فرست آتے ہین جس سے کاغذات کے تلف ہو جانیکا اندیشہ رہتا ہے - ہر صیغہ مین بحالت پیشی کاغذات اندراج فرست ہونا چاہئے لہذا حکم مذکورہ کی تجدیداً احکام ضابطہ جاری ہون تاکہ تعمیل بخوبی ہوتی رہے -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

چونکہ یوم رخصت رعایتی ایک ماہ منشی بشیر الدین تحصیلدار ٹانڈہ کی بجائے تا زمانۂ رخصت منشی مظفر علی خان اے ڈی - سی قائم مقام تحصیلدار ٹانڈہ مقرر ہوئے ہین - لہذا انکو اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ اول دیئے جاتے ہین -

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مستقلی
۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد ضیا خان انگلش ٹیچر مدرسہ مڈل موجودہ تنخواہ پر یکم اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے مستقل کیا جائے لہذا نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اختیارات
۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

تا سر انجام کام تحصیلداری ٹانڈہ منشی مظفر علی خان قائم مقام تحصیلدار ٹانڈہ کو صیغہ فوجداری مین مجسٹریٹی درجہ دوم و صیغہ دیوانی مین منصفی اور صیغہ رجسٹری مین سب رجسٹری کے اختیارات دیے جاتے ہین - احکام ضابطہ جاری ہون - اور عرضداشت اطلاعی اجلاس ہمایون مین بھیجی جائے

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت
۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر در بارہ منظوری رخصت مزید یکماہ ڈاکٹر عاشق علی متعینہ شفاخانہ شاہ آباد بوضع تنخواہ بانتظام سابقہ از ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء تا ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

حکم
ڈاکٹر عاشق علی متعینہ شفاخانہ کی مزید رخصت ایک ماہ ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء سے بوضع تنخواہ بانتظام سابقہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر
اضافہ
۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ درخواست سلطان حسین خان اہلمد اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر باستدعائے اضافہ -

حکم
منشی سلطان حسین خان اہلمد فائنینس آفس کی موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

مطبوعہ ۲۹ مارچ ۱۹۳۶ء جلد ۲

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ مارچ ۱۹۳۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۵		۱۵	۱۵	۱۵	۱۰۵	
نخود خالص	۱۵		۸	۱۰۶	۱۰۲	۱۰۶	
نخود کشت آمیز	۱۰۶		۰۰	۱۶	۰	۱۸	
کتہ	۱۰۶		۱۰۴	۱۵	۰	۱۰۸	
ماش	۱۵		۱۰۵	۰	۰	۱۵	
مونگ	۱۴		۰	۰	۰	۱۵	
منج	۱۰۶		۱۰۲	۱۰۲	۱۰۲	۱۰۲	
جئی	۱۹		۱۱۰	۱۸	۰	۱۹	
گوجئی	۱۱۱		۰	۱۸	۰	۰۰	
مسور	نرخ بازار		۰	۰	۰	۱۹	
ارہر	۰۰		۰	۰	۰	۱۹	
برنج	۱۰۴		۱۰۴	۱۵	۰	۱۵	
روغن زرد	۰ چھٹانک		۰	۰	۰۰	۰۰۰	
روغن سیاہ	۰		۱۰۱	۱	۱	۱۰۱	
روغن کنجد	۰		۰	۱۱۱	۱	۱	
نمک سامبھر	۱۱۳		۱۱۲	۱۵	۱۱۱	۱۱۲	
نمک لاہوری	۶		۱۲	۱۵	۰	۱۵	
قند سیاہ	۱۴		۱۰۴	۰	۱۰۵	۱۵	
باجرہ					۰	۱۲	

مطبع سرکاری پریس ریاست رامپور